## امریکی سفیر کیمرون منٹر کی چھ رکنی وفد کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار، اراکین رابطہ کمیٹی اور حق پرست وزراء سے ملاقات

کراچی۔۔۔6،دسمبر 2010ء

پاکستان میں متعین امریکی سفیر کیمرون منٹر نے پیر کے روز چھ رکنی وفد کے ہمراہ ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد پر رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرڈاکٹر فاروق ستار، اراکین رابطہ کمیٹی اور منتخب نمائندوں سے ملاقات کی۔امریکی وفد میں کراچی میں متعین امریکی قونصل جنرل ولیم مارٹن، اکنامک قونصلر اسلام آباد کرسٹوفر گینگورس، پولیٹیکل آفیسر مس ایمی شاہ، امریکی سفیر کے چیف آف اسٹاف برائن ہیرس اور اکنامک آفیسر گریب بنسال شامل تھے جبکہ ملاقات میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان محترمہ نسرین جلیل، مصطفیٰ کمال، کنور خالد یونس، واسع جلیل، حق پرست وفاقی وزیر بابر خان غوری، حق پرست صوبائی وزراء سیر دار احمد اور فیصل سبزواری بھی موجود تھے۔ملاقات ایک گھنٹے تک جاری رہی جس میں ملک کی مجموعی سیاسی، معاشی اور اقتصادی صورتحال پر گفتگو ہوئی اور باہمی دلچسپی کے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ملاقات میں دونوں جانب سے پاکستان اور امریکہ کے تعلقات کے فروغ اور اس سلسلے میں دونوں ممالک کے درمیان عوامی تعلقات اور رابطوں کو مئوثر بنانے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔رابطہ کمیٹی نے پاکستان میں فرسودہ نظام اور کرپٹ سیاسی کلچر کے خاتمے کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے مطابق پاکستان میں سیاسی معاشی استحکام، ملکی بقاء وسلامتی کیلئے انتہاء پسندی اور دہشت گردی کے مکمل خاتمہ کی مکمل ضرورت پر زور دیا اس موقع پر امریکی سفیر کیمرون منٹر نے پاکستان میں مہذب فلاحی، جمہوری معاشرے کے قیام کیلئے ایم کیوایم کی کوششوں کو سراہا۔رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی سفیر کیمرون منٹر کی نائن زیرو آمد پر ان کا شکریہ ادا کیا اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر پر مبنی کتاب ''پکٹوریل بائیوگرافی الطاف حسین'' پیش کی۔

☆☆☆☆☆